قرارداد نمبر 517

منجانب:۔ جناب محمد عبدالسلام صاحب، رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

ہر گاہ کہ پاکستان کو آزاد ہوئے 72 سال بیت چکے ہیں مگر ہماری معاشی حالت دن بدن بد تر ہوتی جا رہی ہے اور ہمارا تعلیمی معیار لیول تک نہیں پہنچ سکا جو کہ ایک ترقی پذیر ملک کے لئے اشد ضروری ہوتا ہے پچھلے ادوار میں پرائمری سطح کی تعلیم میں کافی بہتری آگئی ہے لیکن سکول لیول پر کامرس ایجوکیشن پر کوئی توجہ نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان عموماً اور خصوصاً صوبہ خیبر پختونخوا معاشی استحکام کی جانب گامزن ہونے کی بجائے بہت پیچھے رہ گیا ہے۔

ہمارا موجودہ تعلیمی نظام سکول سائیڈ پر طلباء کو میڈیکل، انجینئرنگ، اور کمپیوٹر سائنس کی تعلیم سے روشناس کرا رہا ہے تاہم معاشی استحکام کے لئے کامرس ایجوکیشن اور نوجوانوں کو بے روزگاری سے بچانے کے لئے ٹیکنیکل ایجوکیشن کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ دیگر شعبوں کے ساتھ ساتھ کامرس ایجوکیشن اور ٹیکنیکل ایجوکیشن کو مڈل سے ہائی لیول تک لازمی قرار دیکر ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں تا کہ ہماری آنے والی ینگ جنریشن جب فارغ التحصیل ہو تو ان کے پاس نہ صرف ایک تکنیکی مہارت ہو بلکہ ان کو باعزت روزگار بھی ملے اور صوبے کی معاشی حالت بھی بہتر ہو۔

Adopted as per majority

02/03/2020

02/03/2020
3:45 P.M.

RESOLUTION

Session No. 11th

Notice No. 747

Received Time: 3:45

Received Date: 2/3/2020

From Mr. / Ms. ____________, MPA

Receiver Sign: ____________